# ہدایات برائے آن لائن رجسٹریشن (شعبہ عربی)

## امتحانات اشتراکی، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ ۱۴۴۶ھ مطابق ۲۰۲۵ء

مکرمی جناب صدر المدرسین صاحب رمہتمم صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام مسنون!

امید کہ مزاج گرامی بخیر و عافیت ہوں گے۔ اطلاعاً عرض ہے کہ امتحان کے اصول وضوابط کو مزید مضبوط و مستحکم بنانے کی غرض سے امتحان کمیٹی کے مشورہ اور اراکین مجلس عاملہ کی توثیق کے بعد سال رواں کے امتحانات اشتراکی میں شرکت کرنے والے شعبہ عربی کے طلبہ کے لئے بورڈ کی طرف سے ایڈمٹ کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ ایڈمٹ کارڈ حاصل کرنے کے لئے اہل مدارس امتحان اشتراکی میں شرکت کرنے والے شعبہ عربی کے طلبہ کے نام کا تنظیم کے مقررہ لنک پر آن لائن رجسٹریشن کرائیں۔ نیز رجسٹریشن کے لئے ذیل کے نکات کو ملحوظ رکھیں۔

(۱) شرکاء امتحان کے نام، ولدیت، تاریخ پیدائش اور فوٹو سمیت تنظیم کے ویب سائٹ پر موجود فارم کو ۱۵ر جمادی الثانی ۱۴۴۶ھ مطابق ۱۷ر دسمبر ۲۰۲۴ء تک پر کریں۔

(۲) شرکاء امتحان کی مقررہ فیس و آن لائن نقل کاپی (فہرست شرکاء) ۲۹ر جمادی الثانی ۱۴۴۶ھ مطابق ۳۱ر دسمبر ۲۰۲۴ء تک دفتر تنظیم میں آف لائن جمع کرائیں۔ ورنہ کوئی طالب علم امتحان میں شرکت کا مجاز نہیں ہوگا۔

(۳) مقررہ تاریخ کے بعد آن لائن رجسٹریشن کرانے اور فیس و فہرست جمع کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے گی۔

(۴) رجسٹریشن مکمل ہوجانے اور دفتر تنظیم میں نقل کاپی پہنچ جانے کے بعد اس میں کسی قسم کی ترمیم واضافہ کی گنجائش نہ ہوگی۔

(۵) فون کے ذریعہ شرکاء کے نام لکھوانے کی ہرگز کوشش نہ کریں کیونکہ وہ قابل قبول نہیں ہوگی۔

**(نوٹ):- رجسٹریشن کے لئے مقررہ میعاد کے اندر تنظیم کے واٹس ایپ گروپ و ویب سائٹ پر لنک شائع کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ**


نمبرات برائے رابطہ

9678346085 / 8638084820

Calling Time:- 10:00 AM to 6:00 PM

منجانب امتحان بورڈ

ناظم امتحانات اشتراکی

(مولانا) زاہد حسین

آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام


21/11/2024

# اطلاع برائے امتحانات اشترا کی ۱۴۴۶ھ مطابق ۲۰۲۵ء

## آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام

**مکرمی جناب صدر المدرسین صاحب / مہتمم صاحب دامت برکاتہم**

**السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

**بعد سلام مسنون!**

امید کہ مزاج گرامی بخیر وعافیت ہوں گے۔ اطلاعاً عرض ہے کہ سال رواں کے امتحانات اشترا کی انشاء اللہ ۸/شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ مطابق ۸/فروری ۲۰۲۵ء بروز سنیچر سے شروع ہوکر ۱۳/شعبان المعظم مطابق ۱۳/فروری تک جاری رہیں گے۔ لہذا اہل مدارس ذیل کے دفعات کے مطابق امتحان کی تیاری فرمائیں۔

(۱) شرکاء امتحان کی مقررہ فیس دفتر تنظیم میں جمع کرائیں۔ واضح رہے کہ شعبہ بنات وشعبہ حفظ میں شرکت کرنے والے طلبہ وطالبات کی فہرست ومقررہ فیس ۱۵/جمادی الثانی ۱۴۴۶ھ مطابق ۱۷/دسمبر ۲۰۲۴ء تک دفتر تنظیم میں پہونچ جانا ضروری ہوگا ورنہ کوئی طالب علم امتحان میں شرکت کا مجاز نہیں ہوگا۔ مقررہ تاریخ کے بعد فیس وفہرست جمع کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے گی۔ لہذا فیس وفہرست ارسال کرنے کے بعد دفتر تنظیم سے رابطہ کر کے دستیابی وعدم دستیابی کے متعلق توثیق کرائیں۔

(۲) شعبہ عربی میں شرکت کرنے والے شرکاء کی مقررہ فیس وفہرست (نقل کاپی) آنلائن رجسٹریشن کے بعد ۲۹/جمادی الثانی ۱۴۴۶ھ مطابق ۳۱/دسمبر ۲۰۲۴ء تک دفتر تنظیم میں جمع کرائیں۔

(۳) دفتر تنظیم میں فہرست پہونچ جانے کے بعد اسمیں کسی قسم کی ترمیم واضافہ کی گنجائش نہ ہوگی۔

(۴) امتحان گاہ میں ہر شریک امتحان کیلئے شناختی کارڈ کا ہونا ضروری ہوگا۔ لہذا ہر مدرسہ والے اپنے طلبہ کیلئے شناختی کارڈ کا انتظام کریں۔

(۵) نشستِ امتحان ڈھائی گھنٹہ کی ہوگی۔ صبح ۹/بجے سے اور شام ۱/بجے سے امتحان شروع ہوگا۔ البتہ آخری دن کی نشست صبح ۷:۳۰/بجے سے شروع ہوکر ۱۰/بجے تک جاری رہے گی۔

(۶) امتحان گاہ میں شرکاء امتحان کیلئے سوالات دریافت کرنا بالکل ممنوع قرار دیا گیا۔ البتہ اگر پرچہ سوالات میں کسی قسم کی غلطی ہوجائے تو عام اعلان کے ذریعہ اسکی تصحیح کرادی جائیگی۔

(۷) شرکاء امتحان کیلئے بوقت امتحان باہر جانے کی قطعاً اجازت نہ ہوگی۔

(۸) قرأت وتجوید کے امتحان میں شرکت لازمی ہے۔

(۹) ہر کتاب کا مجموعہ نمبر ۱۰۰/ رہوگا اور کامیابی کیلئے ۴۰/نمبر حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

(۱۰) وظائف وانعامات کے مستحق ہونے کیلئے درجۂ اول سے کامیاب ہونا ضروری ہے نیز ہر شعبہ میں مقررہ وظائف وانعامات کیلئے ترجیحی وامتیازی نمبرات کی بناء پر وظائف وانعامات کے مستحق قرار دئے جائینگے۔

دوسرے صفحہ پر

**(۱۱)** شعبۂ بنات کی چار جماعتوں کا امتحان ہوگا، (۱) دورۂ حدیث (۲) عالمہ ثانیہ (۳) مؤمنہ سال چہارم (۴) مؤمنہ سال سوم۔

**(۱۲)** شعبۂ تحفیظ القرآن کی تین جماعتوں کا امتحان ہوگا، (۱) جماعت تکمیل (۲) جماعت دوم (پارہ ۱/ سے ۱۴/ تک) (۳) جماعت اول (پارہ ۱/ سے ۶/ تک)۔

**(نوٹ):- (الف) امتحان کی فیس دفتر میں پہنچ کر دست بدست، ڈاک یا MONEY ORDER کے ذریعہ جمع کریں۔ آنلائن جمع کرنے کی ہرگز کوشش نہ کریں۔**

## مقدار فیس فی کس

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | فارسی دوم تا دورۂ حدیث | **250.00** |
| (۲) | شعبۂ بنات | **250.00** |
| (۳) | شعبۂ حفظ (جماعت تکمیل و دوم) | **250.00** |
| (۴) | شعبۂ حفظ (جماعت اول) | **200.00** |

**نمبرات برائے رابطہ**

**9678346085 / 8638084820**

**Calling Time:- 10:00 AM to 6:00 PM**

**منجانب امتحان بورڈ**

**ناظم امتحانات اشترا کی**

(مولانا) زاہد حسین

**آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام**

**21/11/2024**

# نقشۂ یومیہ برائے سالانہ امتحانات اشتراکی، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ (شعبۂ عربی) ۱۴۴۶ھ مطابق ۲۰۲۵ء

## از ۸ر تا ۱۳ر شعبان المعظم مطابق ۸ر تا ۱۳ر فروری

| شمارہ | درجات | ۸ر شعبان، ۸ر فروری بروز سنیچر صبح | ۹ر شعبان ۹ر فروری بروز اتوار صبح | شام | ۱۰ر شعبان، ۱۰ر فروری بروز پیر صبح | شام | ۱۱ر شعبان، ۱۱ر فروری بروز منگل صبح | شام | ۱۲ر شعبان، ۱۲ر فروری بروز بدھ صبح | شام | ۱۳ر شعبان، ۱۳ر فروری بروز جمعرات صبح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | دورۂ حدیث | بخاری شریف | مسلم شریف | x | ترمذی شریف مع شمائل ترمذی | x | ابوداؤد شریف | x | نسائی شریف مع ابن ماجہ شریف | طحاوی شریف | مؤطا امام مالکؒ ومؤطا امام محمدؒ |
| ۲ | عربی ہفتم | مشکوۃ شریف | x | x | ہدایہ آخرین | x | شرح عقائد نسفی | x | سراجی | x | نخبۃ الفکر مع مقدمۂ شیخ عبدالحق |
| ۳ | عربی ششم | ہدایہ جلد ثانی | تفسیر جلالین اول | x | دیوان متنبی مع دیوان حماسہ | الفوز الکبیر | تفسیر جلالین نصف ثانی | x | حسامی | x | میبذی مع مبادی الفلسفہ |
| ۴ | عربی پنجم | ترجمۂ کلام پاک | ہدایہ جلد اول | x | مختصر المعانی | x | نورالانوار | عقیدۃ الطحاوی | مقامات حریری | x | سلم العلوم |
| ۵ | عربی چہارم | ترجمۂ کلام پاک | شرح وقایہ جلد اول | x | شرح وقایہ جلد دوم | x | اصول الشاشی مع تسہیل الاصول | دروس البلاغت | قطبی | x | الفیۃ الحدیث |
| ۶ | عربی سوم | ترجمۂ کلام پاک | کافیہ | x | আপোন পাঠ আৰু সমাজ বিজ্ঞান অষ্টম ভাগ | নতুন গণিত অষ্টম ভাগ | Our English (viii) | نفحۃ العرب و القرأۃ الواضحہ سوم | قدوری از کتاب البیوع | شرح تہذیب | مشکوۃ الآثار و تعلیم المتعلم |
| ۷ | عربی دوم | ہدایۃ النحو | نورالایضاح مع قدوری | مرقات مع آسان منطق | আপোন পাঠ আৰু সমাজ বিজ্ঞান সপ্তম ভাগ | নতুন গণিত সপ্তম ভাগ | Our English (vii) | علم الصیغہ مع فصول اکبری | نفحۃ الادب | جمال القرآن و بقیہ عم پارہ مشق تقریری | القرأۃ الواضحہ حصۂ دوم |
| ۸ | عربی اول | نحومیر | پنج گنج مع تمرین از صفوۃ المصادر | سیرت خاتم الانبیاء | আপোন পাঠ আৰু সমাজ বিজ্ঞান ষষ্ঠ ভাগ | নতুন গণিত ষষ্ঠ ভাগ | Our English (vi) | شرح مأۃ عامل | مفتاح العربیہ حصۂ دوم | عم پارہ مکمل حفظ و مشق ربع اول | القرأۃ الواضحہ حصۂ اول |
| ۹ | فارسی دوم | میزان الصرف ومنشعب مع تمرین از صفوۃ المصادر | حکایۃ الصحابہؓ | مفتاح العربیہ اول وباکورۃ الادب | আপোন পাঠ আৰু সমাজ বিজ্ঞান পঞ্চম ভাগ | নতুন গণিত পঞ্চম ভাগ | Our English (v) | مخصوص سورتیں حفظ | مالابدمنہ فارسی | x | مفتاح الترتیل نصف آخر |

نوٹ: (الف) امتحان کی پہلی نشست صبح ۹ر بجے سے ۱۱:۳۰ر بجے تک اور شام کی نشست ار سے ۳:۳۰ر بجے تک جاری رہے گی۔ البتہ آخری دن کی نشست صبح ۷:۳۰ر بجے سے شروع ہو کر ۱۰ر بجے تک جاری رہے گی۔ ان شاء اللہ تعالی

(ب) ہر مدرسہ والے اس روٹین کا پرنٹ آوٹ نکال کراپنے مدرسہ میں آویزاں کریں۔

منجانب امتحان بورڈ:

ناظم امتحان (مولانا) زاہد حسین) آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام

# نقشہ یومیہ برائے سالانہ امتحان اشتراکی، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ (شعبۂ بنات) ۱۴۴۶ھ مطابق ۲۰۲۵ء

## از ۸؍تا ۱۳؍شعبان المعظم مطابق ۸؍تا ۱۳؍فروری

| شمارہ | درجات | ۸؍شعبان، ۸؍فروری بروز سنیچر<br>صبح | ۹؍شعبان، ۹؍فروری بروز اتوار<br>صبح | ۱۰؍شعبان، ۱۰؍فروری بروز پیر<br>صبح | شام | ۱۱؍شعبان، ۱۱؍فروری بروز منگل<br>صبح | شام | ۱۲؍شعبان، ۱۲؍فروری بروز بدھ<br>صبح | شام | ۱۳؍شعبان، ۱۳؍فروری<br>بروز جمعرات، صبح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | دورۂ حدیث | ترجمۂ کلام پاک (سورۂ مریم تا ختم سورۂ حجرات) | بخاری شریف | مسلم شریف | x | ابوداؤد شریف | x | ترمذی شریف | x | شمائل ترمذی |
| ۲ | عالمہ ثانیہ | ترجمۂ کلام پاک<br>سورۂ بقرہ | الفقہ المیسر | আপোন পাঠ আৰু<br>সমাজ বিজ্ঞান<br>সপ্তম ভাগ | নতুন গণিত<br>সপ্তম ভাগ | Our English<br>(VII) | علوم الصرف<br>(حصۂ دوم) | علوم النحو<br>(حصۂ اول ودوم) | سیر الصحابیات | مفتاح العربیہ (دوم)<br>قصص النبیین (اول) |
| ۳ | مؤمنہ<br>سال چہارم | بہشتی زیور<br>(حصۂ ۵/۶/۷) | اسلامی کورس<br>حصۂ سوم | আপোন পাঠ আৰু<br>সমাজ বিজ্ঞান<br>পঞ্চম ভাগ | নতুন গণিত<br>পঞ্চম ভাগ | Our English<br>(V) | قرآن پاک ناظرہ مع<br>حفظ سورہ | اصلاح خواتین<br>(پندرہ باب) | تاریخ الاسلام<br>(حصۂ دوم) | مفتاح الترتیل<br>(نصف آخر) |
| ۴ | مؤمنہ<br>سال سوم | بہشتی زیور<br>(حصہ ۳/۴) | اسلامی کورس<br>حصۂ دوم | আপোন পাঠ আৰু<br>সমাজ বিজ্ঞান<br>চতুৰ্থ ভাগ | নতুন গণিত<br>চতুৰ্থ ভাগ | Our English<br>(IV) | قرآن پاک ناظرہ مع<br>حفظ سورہ | تعلیم الاسلام<br>(حصۂ سوم) | مفتاح الترتیل<br>(نصف اول) | مسلمان بیوی مع تاریخ الاسلام<br>(حصۂ اول) |

نوٹ: (الف) امتحان کی پہلی نشست صبح ۹؍بجے سے ۱۱:۳۰؍بجے تک اور شام کی نشست ۱؍بجے سے ۳:۳۰؍بجے تک جاری رہے گی۔ البتہ آخری دن کی نشست صبح ۷:۳۰؍بجے سے شروع ہوکر دس بجے تک جاری رہے گی۔ ان شاء اللہ

(ب) ہر مدرسہ والے اس روٹین کو پرنٹ آوٹ کرکے اپنے مدرسہ میں آویزاں کردیں۔

منجانب امتحان بورڈ:

ناظم امتحانات اشتراکی (مولانا) زاہد حسین، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام